16/02/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

AI Impact سمٹ

سمٹ 2026 جاری ہے ۔ یہ پانچ روزہ سمٹ اپنی نوعیت کا پہلا AI Impact نئی دلی میں انڈیا ایجنڈے AI سمٹ ہے جو گلوبل ساوتھ میں منعقد کیا جا رہا ہے ۔ سمٹ کی بدولت عالمی AI عالمی سمٹ میں 20 ممالک کے عالمی رہنما AI میں بھارت کی کلیدی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے ۔ اس شرکت کر رہے ہیں ۔ علاوہ ازیں 48 ممالک کے وزارتی مندو بین بھی اس میں شامل ہو رہے ہیں ۔

دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی عوام کے لئے یہ فخر کی بات ہے کہ سمٹ بھارت میں منعقد ہو رہا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے AI Impact انڈیا سمٹ میں شرکت کر رہے عالمی لیڈروں ، نمایاں صنعت کاروں ، اختراع کاروں ، پالیسی سازوں ، تحقیق دانوں اور دیگر اہم شخصیات کا خیر مقدم کیا ہے ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت آنے والے وقت میں سکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے پوری طرح تیار ہے ۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ انٹرویو کے دوران بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلی دہائی کے دوران دفاعی سیکٹر میں کئے گئے اصلاحات آپریشن سندور کے دوران عیاں ہو گئے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دفاعی سیکٹر کو جدید تقاضوں کے عین مطابق Modernise کرنے کا وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی سیکٹر کے لئے اگلے مالی سال کے بجٹ میں سات لاکھ 85 ہزار کروڑ روپے مختص رکھے گئے ہیں۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی تنسیخ کے بعد کشمیر ، نارتھ ایسٹ اور ماو واد سے متاثرہ علاقوں میں تشدد کے واقعات میں 80 فیصد کمی واقع ہوئی ہے ۔ دلی پولیس کی 79 ویں یوم تاسیس تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ وقت اب زیادہ دور نہیں جب ان علاقوں کو تشدد سے مکمل طور سے پاک کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ دلی پولیس مختلف شعبوں میں نمایاں کام انجام دے رہی ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت اپنی عظیم روحانی روایت اور دائمی اقدار کے ذریعے دنیا کو امن اور خوشحالی کی راہ دکھانے کے لئے آگے بڑھ رہا ہے ۔

بِشنا جموں میں سنت کبیر کے نِروان دوس کی اختتامی تقریب پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سنت کبیر کی دانشمندانہ تعلیمات قوم میں تابناک سماجی اقدار کو تقویت بخشنے میں اہم رول ادا کرتی ہیں ۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر مین تین روزہ 11 واں ایگری ٹیک گونگل کسان میلہ آج بھی جاری ہے ۔ پچھلے دو دنوں کے دوران اس میلے میں بڑی تعداد میں عام لوگوں اور کسانوں نے شرکت کی ۔ کل کنکلیو کا انعقاد کیا گیا ۔ کنکلیو سے خطاب FPO زرعی یونیورسٹی میں میلے کے تحت ایک FPO کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے جموں کشمیر میں نظام کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

ڈاکٹر اعجاز ایوب

ملکی سطح پر اہم اور بڑے ترقیاتی پروجیکٹونکی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی سرکار نے سال2015میں پرگتی نام کی پہل شروع کی ۔اس مہم کے تحت جموں کشمیر میں پن بجلی پروجیکٹوں کو فروغ دینے اور رابطہ سہولیات کو مزید بہتر بنانے پر خاص توجہ مرکوز کی جا رہی ہے ۔

اس بارے میں وادی کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

جموں کشمیر پولیس

جموں کشمیر پولیس کے تمام اہلکاروں اور افسروں نے سابق آئی جی پی محمد اشرف بیدارکے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ کشمیر زون پولیس کی طرف سے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرحوم کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا ہے ۔

پاسپورٹ

پاسپورٹ خدمات کی بڑھتی مانگ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پاسپورٹ آفس سرینگر نے 21 فروری کو ایک خصوصی مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔ ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر نے کہا ہے کہ اس خصوصی مہم کے تناظر میں 21 فروری کو پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ کام کاج کے لئے کھلے رہیں گے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****